بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

محدث دہلی

جلد ۶ | ماہ فروری ۱۹۳۹ء مطابق ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ | نمبر ۱۰

حج بیت اللہ کا مبارک سفر

بسفر رفتنت مبارکباد ؛ بسلامت روی و باز آئی

ہم دلی مسرت وشادمانی کے ساتھ اپنے ناظرین کو یہ خوشخبری سناتے ہیں کہ محترم جناب شیخ عطاء الرحمٰن صاحب مرحوم ومغفور کی اہلیہ محترمہ باوجود اس کے کہ مرحوم کے زمانے میں ایک مرتبہ فریضہ حج ادا کر چکی ہیں اب پھر دوبارہ مورخہ ۲۲ ذیقعدہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۴ جنوری ۱۹۳۹ء کو اس مبارک مقصد کی تحصیل کے لئے تشریف لے گئیں ہیں۔

ہم اپنے تمام ناظرین اور نیز جمیع متعلقین مدرسہ کی طرف سے آپ کی اس ہمت پر جو آپ نے نفلی حج ادا کرنے کیلئے اس پیرانہ سالی اور ضعف کی حالت میں کی ہے، انتہائی عقیدت وخلوص کے ساتھ ہدیۂ **مبارکباد** پیش کرتے ہیں۔ اور صمیم قلب سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو پوری عافیت وراحت، سلامتی وچین کے ساتھ اپنے گھر کی زیارت کرائے۔ اور آپ کے اس سفر کو سعی مشکور ومقبول بنا کر ہر طرح کی کلفتوں اور زحمتوں، پریشانیوں اور الجھنوں سے محفوظ رکھکر اہل وعیال میں جلد واپس لائے۔ اور تادیر آپ کا بزرگانہ سایہ ہم نیازمندوں پر قائم ودائم رکھے۔ آمین آلہ الحق آمین۔

(ایڈیٹر)